Australian Government

Department of Home Affairs

# Privacy notice
# پرائیویسی نوٹس

Form

1442i URD

URDU

The Department of Home Affairs (the department) (ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز) (ڈیپارٹمنٹ) میں آسٹریلین بارڈر فورس بھی شامل ہے۔ *Privacy Act 1988* (پرائیویسی ایکٹ *1988*) ڈیپارٹمنٹ کو اس بات کا پابند کرتا ہے کہ جب ڈیپارٹمنٹ ایک شخص کے بارے میں ذاتی تفصیلات اکٹھی کرے تو اس شخص کو بعض معاملات کے بارے میں اطلاع دے۔ یہ فار م ان معاملات کے بارے میں آپ کو دی جانے والی اطلاع ہے۔

## ذاتی تفصیلات سے کیا مراد ہے؟

پرائیویسی ایکٹ قرار دیتا ہے کہ ذاتی تفصیلات سے مراد ایک ایسے شخص کے بارے میں معلومات یا رائے ہے جس شخص کی معقول شناخت ہو سکتی ہے۔

ڈیپارٹمنٹ بعض حساس ذاتی تفصیلات بھی اکٹھی کرتا ہے جن کی تعریف پرائیویسی ایکٹ کے تحت موجود ہے اور جن میں ایک شخص کے نسلی یا قومی ماخذ، جنسی رجحان یا طور طریقوں، مجرمانہ ریکارڈ، صحت کی تفصیلات اور بائیومیٹرک تفصیلات (شناخت کیلئے ذاتی تفصیلات)، پیشہ ورانہ تنظیموں یا ٹریڈ ایسوسی ایشنز کی رکنیت، مذہبی عقائد یا وابستگیاں، فلسفیانہ خیالات، اور سیاسی تنظیموں کی رکنیت کے بارے میں معلومات شامل ہیں۔

ڈیپارٹمنٹ قوانین کے جن بنیادی حصوں پر کام کرتا ہے، وہ *Migration Act 1958* (مائیگریشن ایکٹ *1958* (مائیگریشن ایکٹ))، *Customs Act 1901* (کسٹمز ایکٹ 1901 (کسٹمز ایکٹ)) اور *Immigration (Guardianship of Children) Act 1946* (امیگریشن (بچوں کی سرپرستی کا) ایکٹ (IGOC ایکٹ))، *Excise Act 1901* (ایکسائز ایکٹ *1901* (ایکسائز ایکٹ))، *Australian Border Force Act 2015* (آسٹریلین بارڈر فورس ایکٹ *2015* (بارڈر فورس ایکٹ))، *Maritime Powers Act 2013* (سمندری علاقے میں اختیارات کا ایکٹ *2013* (سمندری علاقے میں اختیارات کا ایکٹ)، اور *Australian Citizenship Act 2007* (آسٹریلین سٹیزن شپ ایکٹ *2007* (سٹیزن شپ ایکٹ)) ہیں۔

## ذاتی شناختی تفصیلات

مائیگریشن ایکٹ اورسٹیزن شپ ایکٹ میں بائیومیٹرکس جیسی حساس تفصیلات (جنہیں 'ذاتی شناختی تفصیلات' بھی کہتے ہیں) کے سمیت آپ کی ذاتی تفصیلات کے حصول، استعمال، اور/یا افشاء کیلئے خصوصی اصول شامل ہیں۔

ایکٹ کی تعریف کے مطابق ذاتی شناختی تفصیلات میں یہ شامل ہیں:

- انگلیوں کے نشانات یا ہاتھوں کے نشانات
- چہرے اور کندھوں کی تصویر
- آڈیو یا وڈیو ریکارڈنگ (صرف مائیگریشن ایکٹ کے مقاصد کیلئے نیز کچھ محدود استثنائی صورتوں کیلئے)
- قد اور وزن کی پیمائش
- آنکھ کی پتلی کا سکین
- ایک شخص کے دستخط، یا
- قواعد میں مذکور کوئی اور شناختی تفصیل۔

بائیومیٹرک تفصیلات (ذاتی شناختی تفصیلات) ان صورتوں میں افراد سے حاصل کی جا سکتی ہیں اور/یا ان کی توثیق کرائی جا سکتی ہے:

- سفر کے موقع پر ایر پورٹ پر
- آن شور ویزے کی درخواست دینے والوں کے ضمن میں (جن میں پروٹیکشن ویزے کی درخواست دینے والے بھی شامل ہیں)
- آسٹریلین معاشرے میں موجود غیر شہری افراد
- امیگریشن کی حراست میں موجود افراد
- آسٹریلین شہریت کی درخواست دینے والے افراد

## ڈیپارٹمنٹ کیا کرتا ہے اور ہماری تفصیلات برائے رابطہ

ڈیپارٹمنٹ کا مشن آسٹریلیا کی سرحدوں کی حفاظت کرنا اور سرحدوں سے لوگوں اور اشیاء کی نقل و حمل کا انتظام کرنا ہے جس کیلئے ڈیپارٹمنٹ مندرجہ ذیل معاملات میں کردار ادا کرتا ہے اور انہیں یقینی بناتا ہے:

- مائیگریشن کے انتظام کے ذریعے آسٹریلیا کا مستقبل
- پناہ گزینوں کا تحفظ اور بین الاقوامی سطح پر انسانی ہمدردی کی پالیسی میں کردار ادا کرنا
- سرحدوں کے انتظام اور مسافروں کیلئے انتظامات کے ذریعے آسٹریلیا کی سیکورٹی
- سرحدی محصولات اور تجارت کے اعدادوشمار کا حصول
- جائز تجارت کو سہل بنانا
- آسٹریلیا کی سمندری سیکورٹی اور کاروباری مفادات
- آسٹریلیا کے امیگریشن کے قوانین کی تعمیل اور دیانتدارانہ فیصلہ سازی
- آسٹریلیا کی شہریت کے قوانین کا انتظام

رابطے کی مکمل تفصیلات ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائیٹ **www.homeaffairs.gov.au** پر مل سکتی ہیں

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ہم نے غلط طور پر آپ کی تفصیلات اکٹھی کی ہیں یا برتی ہیں تو آپ:

- **www.homeaffairs.gov.au/feedback** پر آن لائن فیڈ بیک فارم مکمل کر سکتے ہیں
- اس پتے پر خط لکھ سکتے ہیں:
  The Manager
  Global Feedback Unit
  GPO Box 241
  Melbourne VIC 3001
  Australia

## ڈیپارٹمنٹ آپ کی ذاتی تفصیلات کس سے حاصل کرے گا

بالعموم ڈیپارٹمنٹ (یا ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ کانٹریکٹ پر خدمات مہیا کرنے والے ادارے) براہ راست آپ سے، کسی ایسے تیسرے فریق سے جسے آپ نے اپنی جانب سے عمل کی اجازت دی ہو یا مائیگریشن ایکٹ میں درج تعریف کے مطابق منظور شدہ نظام سے آپ کی ذاتی تفصیلات حاصل کریں گے۔ منظور شدہ نظام میں SmartGate اور دوسرے آٹومیٹڈ بارڈر کلیئرنس سسٹمز شامل ہو سکتے ہیں۔ ہم تیسرے فریقوں سے بھی آپ کی تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں جن میں آسٹریلین حکومت کے دوسرے ادارے، قانون نافذ کرنے والے ادارے، غیر ملکی حکومتیں، سپانسرز، صحت کے شعبے میں کام کرنے والے، آپ کی نامزد کردہ تنظیمیں، تعلیم فراہم کرنے والے، آجر اور وہ عام لوگ شامل ہیں جو معلومات دینے کیلئے ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کرتے ہیں (یعنی 'شکایتی کالیں')۔

© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2020

## امیگریشن کی خدمات انجام دینے والے ادارے یا کانٹریکٹر (ٹھیکے پر کام کرنے والے)

ہمارے لیے کچھ ذاتی تفصیلات حاصل کرنے اور استعمال کرنے کا کام دوسرے حکومتی ادارے کرتے ہیں جنہیں ڈیپارٹمنٹ کے کچھ کام انجام دینے کی اجازت حاصل ہے۔

کانٹریکٹ پر کام کرنے والے بھی ہماری جانب سے ذاتی تفصیلات حاصل اور استعمال کرتے ہیں۔ ایسی مثالوں میں ایر لائنز کی جانب سے ملک سے باہر جانے والی اور ملک میں آنے والی فلائٹوں کے مسافروں کیلئے پیشگی کارروائی، کمپیوٹر سسٹم، تحقیقی سروے/انٹرویو، امیگریشن کی حراست میں موجود افراد کیلئے امدادی خدمات اور طبی خدمات شامل ہیں۔

ڈیپارٹمنٹ تقاضا کرتا ہے کہ ڈیپارٹمنٹ کے کانٹریکٹرز بھی پرائیویسی ایکٹ کی تعمیل کریں، قطع نظر اس کے کہ وہ آسٹریلیا میں ہوں یا آسٹریلیا سے باہر ہوں۔

# آپ کی ان ذاتی تفصیلات کا حصول جو قانون کے تحت مطلوب ہیں یا جن کے حصول کی قانون اجازت دیتا ہے

مائیگریشن ایکٹ، IGOC ایکٹ، کسٹمز ایکٹ، ایکسائز ایکٹ، سمندری علاقے میں اختیارات کا ایکٹ، سٹیزن شپ ایکٹ اور پرائیویسی ایکٹ یہ اجازت دیتے ہیں، اور کچھ صورتوں میں یہ ضروری قرار دیتے ہیں، کہ ڈیپارٹمنٹ ان قوانین پر عمل کیلئے بعض ذاتی تفصیلات اکٹھی کرے۔

## مائیگریشن ایکٹ

ویزے کی درخواستوں کے سلسلے میں ڈیپارٹمنٹ:

- ایسی کوئی بھی معلومات اکٹھی کرنے کا مجاز ہے جو درخواست سے تعلق رکھتی ہوں (مائیگریشن ایکٹ کا سیکشن56 دیکھیئے )، اور
- آپ سے کوئی ذاتی شناختی تفصیل فراہم کرنے کا تقاضا کر سکتا ہے (مائیگریشن ایکٹ کا سیکشن 40 اور سیکشن 46 دیکھیئے) ۔

ویزے کی درخواست دینے والوں، اور ویزا رکھنے والے کچھ افراد، کیلئے ضروری ہے کہ ڈیپارٹمنٹ کو حالات میں تبدیلی یا کسی درخواست فارم میں فراہم کی گئ غلط معلومات سے آگاہ کریں (مائیگریشن ایکٹ کا سیکشن 104 اور سیکشن 105)۔

ڈیپارٹمنٹ مائیگریشن ایکٹ اور مائیگریشن ریگولیشنز 1994 کے مقاصد کیلئے آپ سے ایک یا ایک زیادہ ذاتی شناختی تفصیلات مہیا کرنے کو کہہ سکتا ہے۔

آسٹریلیا میں داخل ہوتے ہوئے ڈیپارٹمنٹ آپ سے بعض ذاتی تفصیلات فراہم کرنے کا تقاضا کرے گا (مثال کے طور پر آسٹریلیا کے شہریوں سے پاسپورٹ، اور غیرشہریوں سے شناخت اور ویزے کا ثبوت)۔ اگر آپ غیر شہری ہوں اور یہ تفصیلات فراہم نہ کریں تو آپ کو آسٹریلیا میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی (مائیگریشن ایکٹ کا سیکشن 257A دیکھیئے)۔

آسٹریلیا سے روانہ ہوتے ہوئے ڈیپارٹمنٹ آپ سے بعض ذاتی تفصیلات فراہم کرنے کا تقاضا کر سکتا ہے (مائیگریشن ایکٹ کا سیکشن 257A دیکھیئے)۔

غیر قانونی غیر شہریوں کی شناخت کرنے کیلئے ڈیپارٹمنٹ:

- شناخت اور ویزے کی حیثیت کا ثبوت طلب کر سکتا ہے، کسی ذاتی شناختی تفصیل کے سمیت (مائیگریشن ایکٹ کا سیکشن 188 دیکھیئے) ۔
- ایک شخص سے کسی ایسے شخص کی دستاویزات یا شناخت یا اس کے ٹھکانے کے بارے میں معلومات طلب کر سکتا ہے جس پر غیر ملکی غیر شہری ہونے کا شبہ ہو (مائیگریشن ایکٹ کا سیکشن 18 دیکھیئے)۔

امیگریشن کی حراست میں موجود شخص کیلئے ذاتی شناختی تفصیلات مہیا کرنا ضروری ہے (مائیگریشن ایکٹ کا سیکشن 258 اور سیکشن 261AA(1) اور مائیگریشن ریگولیشنز میں سے ریگولیشن3.30 دیکھیئے)۔

کاروباری سپانسرز کے سلسلے میں ڈیپارٹمنٹ اور Fair Work Ombudsman (FWO) (فیئر ورک اومبڈزمین (FWO)) مائیگریشن ایکٹ کے پارٹ 2 کے ڈویژن 3A کے سب ڈویژنF میں مذکور انسپکٹر کےاختیارات کے مطابق ذاتی تفصیلات اکٹھی کر سکتے ہیں۔

مائیگریشن ایکٹ کے سیکشن252 میں مذکور تلاشی کے اختیار کے تحت ایک مجاز افسر کسی شخص کی تحویل سے ملنے والی دستاویز یا کسی شخص کی تحویل یا اس کے براہ راست اختیار میں پراپرٹی سے ملنے والی کسی اور چیز کو روکے رکھ سکتا ہے جو مثال کے طور اس شخص کا ویزا منسوخ کرنے کا ثبوت ہو۔

ایک افسر رکھوائی جانے والی جعلی دستاویز کو ضبط کر سکتا ہے (دیکھیئے مائیگریشن ایکٹ کا سیکشن 487ZJ اور پارٹ 9 کا ڈویژن 1 جس میں یہ بھی شامل ہے کہ دستاویز کے سلسلے میں کیا کرنا ضروری ہے)۔

## سٹیزن شپ ایکٹ

ڈیپارٹمنٹ یہ تسّلی کرنے کیلئے کئ طرح کی ذاتی تفصیلات اکٹھی کر سکتا ہے کہ ایک شخص شہریت کے تقاضے پورے کرتا ہے۔

ہمیں شہریت کی درخواستوں کے سلسلے میں ذاتی شناختی تفصیلات طلب کرنے کی اجازت ہے اور اگر فیصلہ کرنے والا اہلکار آپ کی شناخت کے بارے میں مطمئن نہ ہو تو درخواست منظور نہیں کی جا سکتی (سٹیزن شپ ایکٹ کے پارٹ 2 کی ڈویژن 5 اور سیکشنز 17(3)، 19D(4)، 24(3) اور 30(3) دیکھیئے)۔

مجاز افسر ایک شخص سے لی جانے والی جعلی دستاویز کو ضبط کر سکتا ہے (سٹیزن شپ ایکٹ کا سیکشن 45B اور پارٹ 3کا ڈویژن 1دیکھیئے جس میں یہ بھی شامل ہے کہ دستاویز کے سلسلے میں کیا کرنا ضروری ہے)۔

### IGOC ایکٹ

*Immigration (Guardianship of Children) Act 1946* (امیگریشن (بچوں کی سرپرستی کے) ایکٹ *1946 (IGOC* ایکٹ)) اور اس کی ریگولیشنز کے تحت امیگریشن کا وزیر بعض تنہا غیر شہری نابالغ افراد کا سرپرست (گارڈین) ہے جو 21 سال یا اس سے زیادہ عمر کی ماں/باپ یا رشتہ دار کے بغیر اکیلے آسٹریلیا آئے ہوں (جنھیں IGOC نابالغان کہا جاتا ہے)۔

سرپرستی کی ذمہ داریاں پوری کرنے میں مدد دینے کی خاطر IGOC ایکٹ منسٹر کو اجازت دیتا ہے کہ وہ کامن ویلتھ یا سٹیٹ یا ٹیریٹری کی حکومتوں کے افسروں کو اپنے اختیارات تفویض کر دے (جنھیں 'مفوضّہ سرپرست' کہا جاتا ہے)۔ رضامند اور موزوں افراد یا تنظیموں کو بھی IGOC نابالغان کا ' نگہبان' (کسٹوڈین) مقرر کیا جا سکتا ہے۔ بالعموم، ایک نگہبان کو اپنی نگہداشت میں رہنے والے بچے کی روزمرہ دیکھ بھال اور کنٹرول کے بارے میں فیصلے کرنے کا حق اور ذمہ داری حاصل ہوتی ہے۔

IGOC ایکٹ کے تحت بچوں کی روزمرہ دیکھ بھال اور فلاح یقینی بنانے کیلئے ڈیپارٹمنٹ IGOC نابالغان اور ان کے نگہبانوں کے بارے میں ذاتی تفصیلات اکٹھی کرتا ہے۔ یہ یقینی بنانے کیلئے کہ IGOC نابالغان کی روزمرہ دیکھ بھال اور فلاح کی ضروریات پوری ہوں، ڈیپارٹمنٹ جہاں ضروری ہو اور جہاں پرائیویسی ایکٹ سے مطابقت پائی جائے، مندرجہ ذیل اداروں/افراد پر ذاتی تفصیلات افشاء کر سکتا ہے اور ان سے معلومات حاصل کر سکتا ہے:

- بچوں کے فلاحی اداروں سمیت سٹیٹ/ٹیریٹری کے حکام
- مفوضّہ سرپرست
- نگہبان
- والدین، سنبھالنے والے اور/یا رشتہ دار، اور/یا
- دوسرے آسٹریلین سرکاری ادارے۔

### کسٹمز ایکٹ اور ایکسائز ایکٹ

ڈیپارٹمنٹ کو کسٹمز ایکٹ اور ایکسائز ایکٹ اور دوسرے متعلقہ آسٹریلین قوانین (بشمول مائیگریشن ایکٹ اور ٹیکس کے قوانین) کے انتظام میں کئی طرح کی ذاتی اور کاروباری تفصیلات اکٹھی کرنے کی اجازت ہے۔ بالخصوص، ڈیپارٹمنٹ آسٹریلیا کی سرحدوں کے تحفظ اور سرحدی محصولات کا حصول یقینی بنانے کیلئے یہ معلومات اکٹھی کرتا ہے۔

کچھ کیسوں میں، کسٹمز ایکٹ اور ایکسائز ایکٹ اور ٹیکس کے قوانین کے تحت پیدا ہونے والے معاملات میں آپ کی ذاتی تفصیلات اکٹھی کرنے والے ہمارے فارموں میں وصولی کے منفرد نوٹس بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ یہ فارم آپ کو ذاتی تفصیلات کے حصول، استعمال اور افشاء کے بارے میں بھی معینہ معلومات فراہم کریں گے اور ان معلومات کو اس پرائیویسی نوٹس کے ساتھ ملا کر پڑھنا چاہیئے۔

مثال کے طور پر کسٹمز ایکٹ کے سیکشن 64ACA اور سیکشن 64ACB کے تحت ڈیپارٹمنٹ پر آسٹریلیا میں آنے والے مسافروں اور بحری و ہوائی جہازوں کے عملے کے بارے میں بعض ذاتی تفصیلات حاصل کرنا لازم ہے تاکہ کسٹمز ایکٹ، مائیگریشن ایکٹ اور دوسرے قوانین کا انتظام کیا جائے۔


© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2020

### سمندری علاقے میں اختیارات کا ایکٹ

ڈیپارٹمنٹ کو سمندری علاقے کے اختیارات استعمال کرتے ہوئے سمندر میں نفاذ قانون کرنے والے اداروں سے ذاتی تفصیلات حاصل کرنے کی اجازت ہے۔ یہ اختیارات آسٹریلیا کے سمندری علاقے سے متعلقہ قوانین کے نفاذ میں معاون ہیں جن میں غیر قانونی غیر ملکی ماہی گیری، کسٹمز، سمندری علاقے میں انسداد دہشت گردی، مائیگریشن، کوارنٹین اور منشیات کی سمگلنگ سے متعلق قوانین کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی معاہدے اور سمندری سمجھوتے بھی شامل ہیں۔

## پرائیویسی ایکٹ

پرائیویسی ایکٹ مندرجہ ذیل معلومات اکٹھی کرنے کی اجازت دیتا ہے:

- حسّاس معلومات جب قانون کے تحت، یا نفاذ سے متعلقہ اقدامات کیلئے، یہ اکٹھی کرنے کی اجازت ہو ، یا آپ کی رضامندی سے
- دیگر ذاتی تفصیلات جب یہ ڈیپارٹمنٹ کے اپنا کوئی فرض یا فرائض یا کوئی سرگرمی یا سرگرمیاں انجام دینے کیلئے معقول طور پر ضروری ہوں، یا اس سلسلے میں براہ راست متعلقہ ہوں۔

## وہ ایکٹ جن کے تحت ڈیپارٹمنٹ ایک قانون نافذ کرنے والا ادارہ ہے

مندرجہ ذیل ایکٹوں کے تحت ڈیپارٹمنٹ بعض مقاصد کیلئے ایک قانون نافذ کرنے والا ادارہ ہے:*Crimes Act 1914* ، *Criminal Code Act 1995*، *Australian Nuclear Science and Technology Organisation Act 1987*، اور *Independent National Security Legislation Monitor Act 2010* (جرائم کا ایکٹ *1914*، ضابطۂ فوجداری ایکٹ *1995*، آسٹریلین نیوکلیئر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آرگنائزیشن ایکٹ *1987 (ANSTO* ایکٹ) اور قومی سیکورٹی کیلئے قانون سازی کے خودمختار نگران کا ایکٹ *2010*، اور ان ایکٹوں کے تحت ڈیپارٹمنٹ اپنے کام اور سرگرمیاں انجام دینے کیلئے ذاتی تفصیلات اکٹھی کر سکتا ہے۔

## وہ مقصد جس کیلئے ہم آپ کی ذاتی تفصیلات اکٹھی کرتے ہیں

ذاتی تفصیلات اکٹھی کرنے سے ہمارا اولین مقصد یہ ہے کہ آپ کی امیگریشن اور/ یا شہریت کی کارروائی اور سرحد پار اشیاء کی منتقلی کے سلسلے میں ڈیپارٹمنٹ اپنے کام یا سرگرمیاں انجام دے۔ ہم مندرجہ ذیل پروگراموں کا انتظام کرتے ہیں:

- ویزا اور مائیگریشن
- کسٹمز اور ایکسائز، جن میں ٹیکس، صحت، کوارنٹین، کامرس، فوجداری، تخلیق کی ملکیت اور سماجی تحفظ کے قوانین سمیت بعض دوسرے آسٹریلین قوانین کا انتظام بھی شامل ہے۔
- پناہ گزینوں کیلئے مدد اور انسانی ہمدردی کے تحت مدد
- سرحدوں کا انتظام
- ویزے کی تعمیل اور امیگریشن کے حوالے سے حیثیت کا تصفیہ
- امیگریشن کی حراست، اخراج یا کسی ریجنل پراسیسنگ سنٹر میں منتقلی (جن میں آسٹریلیا کے ساحل سے دور کارروائی مثلاً" قانون کے نفاذ، فلاحی خدمات اور آبادکاری میں معاونت کرنے والے ادارے اور غیر ملکی حکام بھی شامل ہیں)
- شہریت۔

آپ ویزے، سپانسر شپ، تجارت، درامد و برامد، کوارنٹین یا شہریت کی درخواستوں کیلئے جو معلومات دیں گے، انہیں اسی اولیّن مقصد کیلئے استعمال کیا جائے گا۔

پرائیویسی ایکٹ کے تحت معلومات کو کسی ثانوی مقصد کیلئے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بالعموم ایسا تب ہوتا ہے جب آپ ڈیپارٹمنٹ سے معقول طور پر اپنی ذاتی تفصیلات کو استعمال یا افشاء کرنے کی توقع رکھتے ہوں اور وہ ثانوی مقصد یا تو براہ راست اولّین مقصد سے تعلق رکھتا ہو (حسّاس معلومات کے سلسلے میں) یا اولیّن مقصد سے تعلق رکھتا ہو (دیگر ذاتی تفصیلات کیلئے)۔ مثال کے طور پر آپ ویزے کی درخواست میں جو معلومات فراہم کرتے ہیں، انہیں آپ کی آئندہ درخواستوں کے سلسلے میں استعمال کیا جا سکتا ہے (اس میں *Freedom of Information Act 1982* (معلومات کے حصول کے حق کے ایکٹ *1982* اور پرائیویسی ایکٹ کے تحت استعمال بھی شامل ہے)۔ نیز ہم مائیگریشن کے معاملات میں آپ سے رابطہ کرنے کیلئے آپ کی فراہم کردہ الیکٹرانک رابطے کی تفصیلات بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

## اگر ڈیپارٹمنٹ آپ کی ذاتی تفصیلات اکٹھی نہ کرے تو اس کے نتائج

اگر آپ کی ذاتی تفصیلات اکٹھی نہ کی جائیں تو ممکن ہے ڈیپارٹمنٹ آپ کی ویزے یا شہریت کی درخواست پر کارروائی نہ کر سکے یا (جہاں اس کا معاملہ ہو) آپ کو تجارت، درامد، برامد اور کوارنٹین کی امدادی خدمات نہ مہیا کر سکے۔

آپ کی معلومات اکٹھی نہ کرنے کی وجہ سے ڈیپارٹمنٹ کو اپنے قانونی فرائض پورے کر نے (بالخصوص تعمیل کے حوالے سے)، اپنا دیکھ بھال کا فرض پورا کرنے، یا آسٹریلیا کے بین الاقوامی عہد نبھانے میں رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

## کسی تیسرے فریق کو آپ کی ذاتی تفصیلات کی حسب معمول فراہمی

### نامزد نمائندوں کو معلومات کی فراہمی

جب آپ نے اپنی نمائندگی کیلئے کسی شخص کو نامزد کیا ہو مثلا اپنے گھرانے کے فرد، مائیگریشن ایجنٹ، کسٹمز بروکر، ٹریول ایجنٹ یا ایر لائن ایجنٹ، اومبڈزمین (سرکاری محتسب)، ممبر پارلیمنٹ، یا سالیسٹر (مختار قانونی)، تو آپ کی ذاتی تفصیلات اس تیسرے فریق کو دی جا سکتی ہیں سوائے اس صورت کے جب آپ نے ہم سے ایسا نہ کرنے کی درخواست کی ہو۔

آپ کی ذاتی شناختی تفصیلات اس شخص کو بھی فراہم کی جا سکتی ہیں جسے آپ سپانسر کر رہے ہیں یا جو آپ کا سپانسر ہے۔

### دوسرے حکومتی اداروں کو معلومات کی حسب معمول فراہمی

بعض حالات میں، بارڈر فورس ایکٹ یا دوسرے قوانین کے تحت، ڈیپارٹمنٹ کواختیار یا اجازت ہے کہ وہ دوسرے حکومتی اداروں کو ذاتی تفصیلات فراہم کرے مثال کے طور پر اپنے کام اور سرگرمیوں کے انتظام کے مقصد سے یا دوسرے ادارے کیلئے اس کے کام کی انجام دہی ممکن بنانے یا اس میں مدد دینے کے مقصد سے۔ اس کی مثالیں یہ ہیں جیسے آپ کی شناخت کی تصدیق کرنا، آپ کے فراہم کردہ کاغذات کے اصل ہونے کی تصدیق کرنا، ڈاٹا میچنگ (معلومات کا موازنہ)، یا تعمیل کے دوسرے فرائض پورے کرنے کی غرض سے معلومات کی فراہمی۔

ہم جن حکومتی اداروں کے ساتھ معلومات کا تبادلہ کرتے ہیں، ان میں مندرجہ ذیل اداروں کے ساتھ ساتھ مزید ادارے بھی شامل ہو سکتے ہیں:

- ڈیپارٹمنٹ آف ہیومن سروسز ،*DHS) Social Security Act 1991)* (سوشل سیکورٹی ایکٹ *1991*)، *Child Support (Assessment) Act 1989* (کفالت بچگان (جائزہ) ایکٹ *1989*)) اور *Child Support (Registration and Collection) Act 1988* (کفالت بچگان (رجسٹریشن اور حصول) ایکٹ *1988*)) کے انتظام کیلئے
- ڈیپارٹمنٹ آف سوشل سروسز
- ڈیپارٹمنٹ آف ایگریکلچر، آسٹریلیا کے بائیوسیکورٹی سسٹم کے انتظام اور *Quarantine Act 1908* (کوارنٹین ایکٹ *1908*)، *Export Control Act 1982* (برامدی کنٹرول کے ایکٹ *1982*) اور *Imported Food Control Act 1992* (درامدشدہ غذا کے کنٹرول کے ایکٹ *1992*) کے انتظام کیلئے
- علاج میں استعمال ہونے والی اشیاء کا انتظامی ادارہ
- ڈیپارٹمنٹ آف انڈسٹری، انوویشن اینڈ سائنس (صنعت، اختراع اور سائنس کا ڈیپارٹمنٹ)
- Australian Sports Anti-Doping Authority (کھیلوں میں انسداد منشیات کی آسٹریلین اتھارٹی)، National Anti-Doping Scheme (قومی انسداد منشیات سکیم) کے انتظام کیلئے
- ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن، *Education Services for Overseas Students Act 2000* (غیر ملکی طالبعلموں کیلئے ایجوکیشن سروسز ایکٹ *2000*) پر عمل کیلئے
- Department of Employment, Skills, Small and Family Business (روزگار، ہنر، چھوٹے کاروباروں اور خاندانی کاروباروں کا ڈیپارٹمنٹ)، روزگار کی خدمات کے سلسلے میں معلومات کی توثیق کیلئے

© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2020

- سابقہ فوجیوں کے امور کا ڈیپارٹمنٹ، *Veterans' Entitlements Act 1986* (سابقہ فوجیوں کے حقوق کے ایکٹ *1986*) پر عمل کیلئے
- آسٹریلین ٹیکسیشن آفس (ATO)، *Income Tax Assessment Act 1997* (انکم ٹیکس اسیسمنٹ ایکٹ *1997*) اورٹیکس کے دوسرے قوانین کے انتظام کیلئے
- فیئر ورک اومبڈزمین (FWO)، *Fair Work Act 2009* (فیئر ورک ایکٹ *2009*) پر عمل کیلئے
- ڈیپارٹمنٹ آف فارن افیئرز اینڈ ٹریڈ (DAFT)، *Australian Passport Act 2005* (آسٹریلین پاسپورٹ ایکٹ *2005*) پر عمل کیلئے اور پروٹیکشن ویزا کی کارروائی کیلئے ممالک کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کیلئے اور اگر آپ دہری شہریت کے حامل فرد کے طور پر کسی غیر ملکی پاسپورٹ کا حق رکھتے ہوں تو اس کے سلسلے میں
- آسٹریلین الیکٹورل کمیشن، *Commonwealth Electoral Act 1918* (کامن ویلتھ الیکٹورل ایکٹ *1918*) پر عمل کیلئے۔

## نظر ثانی، آڈٹ اور تفتیش کے ادارے

اگر آپ فیصلے پر میرٹس ریویو (قانون کے تحت استحقاق اور اطلاق کے حوالے سے نظر ثانی) یا عدالتی نظر ثانی کیلئے درخواست دیں تو ڈیپارٹمنٹ ٹریبونل یا عدالت کو نظر ثانی انجام دینے کیلئے متعلقہ ذاتی تفصیلات فراہم کرے گا۔

ہم تفتیشی اداروں کے ساتھ معلومات کا تبادلہ کرتے ہیں جیسے:

- کامن ویلتھ اومبڈزمین (سرکاری محتسب)
- آسٹریلین انفارمیشن کمیشنر کا دفتر
- آسٹریلین نیشنل آڈٹ
- آسٹریلین ہیومن رائٹس کمیشنر
- فیئر ورک اومبڈزمین۔

## ہنگامی حالات اور قانون کا نفاذ

کسی ہنگامی واقعے، شدید حادثے یا موت کی صورت میں آپ کی ذاتی تفصیلات آسٹریلیا کے قانون نافذ کرنے والے اداروں یا ایمرجنسی سروسز کو فراہم کی جا سکتی ہیں۔

جہاں نفاذ سے متعلقہ سرگرمی کیلئے ضروری ہو، ڈیپارٹمنٹ آسٹریلین (کامن ویلتھ، سٹیٹ اور ٹیریٹری) اور غیر ملکی قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں یا اداروں کو بھی معلومات فراہم کرتا ہےجس میں جرم کی روک تھام، سراغ، تفتیش اور مقدمہ چلانا یا سزا دینا بھی شامل ہے۔

## امدادی پروگرامز

ویزے کی کارروائی میں اکٹھی کی جانے والی معلومات انہیں دی جا سکتی ہیں:

- ڈیپارٹمنٹ آف سوشل سروسز کو، آبادکاری میں مدد فراہم کرنے کیلئے
- ڈیپارٹمنٹ آف انڈسٹری، انوویشن اینڈ سائنس کو، انگریزی زبان کی تربیت کی فراہمی اور نگرانی کیلئے۔

## لائسنس جاری کرنے والے حکّام کو معلومات کی فراہمی

اگر آپ آسٹریلیا میں کسی لائسنس کی درخواست دیں تو ڈیپارٹمنٹ متعلقہ حکّام کو مائیگریشن کے حوالے سے آپ کی حیثیت اور کام کے حقوق کے بارے میں معلومات دے سکتا ہے ، نیز کچھ صورتوں میں بتا سکتا ہے کہ آیا آپ کو آسٹریلین شہریت عطا کی گئ ہے۔ یہ معلومات لائسنس پانے کیلئے آپ کے مناسب ہونے کا فیصلہ کرنے کیلئے استعمال کی جائیں گی۔ اگر آپ کسٹمز ایکٹ کے تحت خاص لائسنسوں کی درخواست دیں تو بعض خاص معلومات بھی افشاء کی جا سکتی ہیں۔

## اجازت کے ساتھ ذاتی تفصیلات افشاء کرنا

'ذاتی شناختی تفصیل' کی تعریف صفحہ 1 پر کی گئ ہے۔

مائیگریشن ایکٹ کے پارٹ 4A اور سٹیزن شپ ایکٹ کے سیکشن 43کے تحت ڈیپارٹمنٹ کو کئ مختلف حالات میں ذاتی شناختی تفصیلات افشاء کرنے کی اجازت ہے۔ کچھ مثالیں یہ ہیں:

- شہریت یا ویزے کی حیثیت کی تصدیق کیلئے
- فوجداری قانون کے نفاذ کیلئے
- آسٹریلین حکومت کے کسی ادارے کے ساتھ معاہدے کے تحت شناختی تفصیلات کے تبادلے کیلئے
- کسی عدالت، ٹریبونل یا تفتیشی ادارے کو متعلقہ معلومات فراہم کرنے کیلئے
- جہاں آسٹریلیا کے قانون کے تحت یہ ضروری ہو۔

ڈیپارٹمنٹ کو سٹیزن شپ ایکٹ کے تحت بھی یہ اختیار حاصل ہے کہ شہریت یا مائیگریشن کے قوانین کے مقاصد کیلئے شناختی تفصیلات افشاء کرے۔

مائیگریشن ایکٹ کا پارٹ 4A ڈیپارٹمنٹ کو یہ اختیار بھی دیتا ہے کہ مندرجہ ذیل حالات میں ذاتی تفصیلات (ذاتی شناختی تفصیلات سمیت) افشاء کرے:

- ان مقاصد کیلئے ڈاٹا میچنگ (معلومات کا موازنہ):
  - کسی شخص کی شناخت کرنے یا شناخت کی تصدیق کرنے کیلئے
  - آسٹریلیا میں داخل ہونے والے یا آسٹریلیا چھوڑنے والے افراد کی کارروائی میں مدد کیلئے
  - ان غیر شہریوں کی شناخت کیلئے جو مجرمانہ ماضی رکھتے ہوں، جن کے کردار کے حوالے سے تشویش پائی جاتی ہو یا جو ملکی سلامتی کیلئے باعث تشویش ہوں
  - امیگریشن کے معاملات میں کاغذات اور شناخت کے فراڈ کی روک تھام کیلئے
  - پروٹیکشن ویزا کی کارروائی میں مدد کیلئے
- کسی شخص کی شناخت کیلئے یا اس کا پتہ معلوم کرنے کیلئے (مائیگریشن ایکٹ کے سیکشن 33FA اور 33FC بھی دیکھیئے)
- مجوزّہ تفتیشی اداروں کو جیسے آسٹریلین نیشنل آڈٹ آفس اور آسٹریلین ہیومن رائٹس کمیشن
- آسٹریلیا سے اخراج کیلئے یا کسی ملزم/مجرم کو کسی دوسرے ملک سے آسٹریلیا لانے اور آسٹریلیا سے کسی دوسرے ملک لے جانے کے سلسلے میں غیر ملکی حکومتوں کے ساتھ انتظامات کرنے کیلئے۔
- مخصوص غیر ملکی حکومتوں، غیر ملکی حکومتوں کے قانون نافذ کرنے والے یا سرحدی کنٹرول کے اداروں یا مخصوص بین الاقوامی تنظیموں کو مائیگریشن کے معاملات سنبھالنے کے مقصد سے معلومات فراہم کرنے کیلئے (مائیگریشن ایکٹ کا سیکشن 5A(3) دیکھیئے)
- بین الاقوامی جرائم کے معاملات میں مدد حاصل کرنے یا مدد دینے کیلئے۔

ذاتی شناختی تفصیلات کے بارے میں مزید معلومات کیلئے فارم 1243i دیکھیئے

ورکر ویزے کے سلسلے میں، ڈیپارٹمنٹ سپانسرز یا ویزے کے حامل افراد کے بارے میں بعض ذاتی تفصیلات متعلقہ ویزے کے حامل یا سپانسر کو دینے کا بھی مجاز ہے (مائیگریشن ایکٹ کا سیکشن 140ZH اور ریگولیشنز 2.103، 2.104 اور 2.105 دیکھیئے)۔

ڈیپارٹمنٹ کو وہ امیگریشن اینڈ بارڈر پروٹیکشن کی تفصیلات (بارڈر فورس ایکٹ کا سیکشن 1(4) دیکھیں) افشاء کرنے کی اجازت بھی حاصل ہے جو بارڈر فورس ایکٹ کے پارٹ 6 میں مذکور محدود حالات میں خفیہ معلومات ہوں۔ بعض حالات میں بارڈر فورس ایکٹ مندرجہ ذیل اکائیوں کو معلومات دینے کی اجازت دیتا ہے:

- کامن ویلتھ، سٹیٹ اور ٹیریٹری کے ادارے یا حکام
- آسٹریلین فیڈرل پولیس (AFP) یا کسی سٹیٹ یا ٹیریٹری کی پولیس فورس یا سروس
- اموات کی تفتیش کا ذمہ دار افسر
- کامن ویلتھ، سٹیٹ یا ٹیریٹری کے مخصوص قوانین کے تحت متعین عہدیدار (جیسے اومبڈزمین)
- آسٹریلین بارڈر فورس کے اصول Secrecy and Disclosure) 2015) (اخفاء اور افشائے معلومات) کے تحت مجوزہ ادارے یا افراد جیسے آسٹریلین ریڈ کراس سوسائٹی۔
- کوئی دوسرا ملک یا عوامی بین الاقوامی تنظیم

تاہم بارڈر فورس ایکٹ کے پارٹ 6 کے دیگر معین تقاضوں کے ساتھ ساتھ، بارڈر فورس ایکٹ کے تحت مندرجہ بالا اداروں میں سے کسی کو معلومات کے افشاء کی اجازت صرف تب ہے جب یہ بارڈر فورس ایکٹ میں درج ایک یا ایک سے زیادہ 'اجازت پانے والے مقاصد' کیلئے کیا جائے۔ اس کی مثالیں یہ ہیں کہ جب معلومات مندرجہ ذیل مقاصد میں سے کسی مقصد کیلئے افشاء کی جائیں:

- کسی فوجداری قانون یا کامرس سے متعلقہ کسی قانون کا انتظام یا نفاذ
- اموات سے متعلقہ سوالات، تفتیش یا تحقیقات میں مدد


© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2020

- عوامی صحت کے تحفظ یا ایک یا ایک سے زیادہ افراد کی جان یا سلامتی کا تحفظ
- *Census and Statistics Act 1905* (مردم شماری اور شماریات کا ایکٹ *1905*) یا *Australian Bureau of Statistics Act 1975* (آسٹریلین بیورو آف سٹیٹکس ایکٹ *1975*) کے تحت اعدادوشمار کا حصول یا توثیق
- سرکاری آمدن کا تحفظ
- کسی شخص کی شناخت یا اس کی شہریت یا ویزے کی حیثیت کی توثیق
- ان افراد کو خدمات کی فراہمی جو آسٹریلیا کے شہری نہیں ہیں
- منشیات کے خلاف قومی سکیم کا انتظام
- آسٹریلیا اور کسی دوسرے ملک کے درمیان امیگریشن، کوارنٹین یا سرحدی کنٹرول سے تعلق رکھنے والا مقصد
- وہ معاملات جو کئی مختلف قوانین کے تحت ہیں جن میں Customs Act، Migration Act، Maritime Powers Act، Citizenship Act، IGOC Act (کسٹمز ایکٹ، مائیگریشن ایکٹ، سمندری علاقے میں اختیارات کا ایکٹ، سٹیزن شپ ایکٹ، IGOC ایکٹ، وغیرہ) شامل ہیں
- دفاع یا قومی سیکورٹی سے تعلق رکھنے والا مقصد

ڈیپارٹمنٹ کو اس صورت میں بھی محفوظ ذاتی تفصیلات افشاء کرنے کی اجازت ہے کہ ایک شخص افشاء کیلئے رضامندی دے، افشاء کسی شخص کی جان یا صحت کو درپیش سنگین خطرے کو دور یا کم کرنے کیلئے ضروری ہو یا وہ معلومات پہلے ہی قانونی طور پر عوام کیلئے دستیاب کی جا چکی ہوں۔

بارڈر فورس ایکٹ کا سیکشن 51 یہ ممکن بناتا ہے کہ اس ایکٹ کے پارٹ 6 کے بعض اصولوں کے مطابق افشائے معلومات کی صورتوں کو ایسا افشائے معلومات سمجھا جائے گا جس کی اس ایکٹ نے پرائیویسی ایکٹ کے مقاصد کیلئے اجازت دی ہے۔

نیز، بارڈر فورس ایکٹ کے تحت امیگریشن اینڈ بارڈر پروٹیکشن کی تفصیلات کے افشاء کی اس صورت میں اجازت ہے کہ یہ افشاء ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے ذمہ داری پانے والے شخص کی ڈیپارٹمنٹ کیلئے ملازمت یا فرائض کی انجام دہی کے دوران کیا گیا ہو۔ ڈیپارٹمنٹ یہ یقینی بنائے گا کہ ایسا ہر افشاء پرائیویسی ایکٹ کی تعمیل کرتا ہو۔

ڈیپارٹمنٹ کو ایسی ذاتی تفصیلات افشاء کرنے کی اجازت بھی حاصل ہے جو ایسے محدود حالات میں محفوظ معلومات ہوں جنہیں کسٹمز سے متعلقہ قوانین، مثال کے طور پر کسٹمز ایکٹ اور ریگولیشنز، میں ملحوظ رکھا گیا ہے۔

## نقل و حرکت کا ریکارڈ افشاء کرنا

آسٹریلیا آنے والے اور آسٹریلیا سے جانے والے مسافروں کی آمد اور روانگی کے ریکارڈ کو نقل و حرکت کے ریکارڈ کی ڈاٹابیس میں محفوظ رکھا جاتا ہے۔ یہ ریکارڈ ان مقاصد کیلئے افشاء کیے جا سکتے ہیں:

- مائیگریشن ایکٹ
- *Family Law Act 1975* (فیملی لا ایکٹ *1975*)
- کسٹمز یا ایکسائز کے قوانین
- کوارنٹین یا صحت کے قوانین
- قانون کا نفاذ
- *Education Services for Overseas Students Act 2000* (غیر ملکی طالبعلموں کیلئے ایجوکیشن سروسز ایکٹ *2000*)
- مجوّزہ کامن ویلتھ، سٹیٹ یا ٹیریٹری قوانین جیسے پہلا گھر خریدنے والوں کے پرگراموں یا بچوں اور/یا فلاح کے پروگراموں پر عمل کیلئے۔

## قانون کے نفاذ اور متعلقہ مقاصد کیلئے افشاء

ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے (مائیگریشن ایکٹ اور سٹیزن شپ ایکٹ کے تحت نفاذ کی سرگرمیوں اور نفاذ کے دوسرے اداروں کی نفاذ کی سرگرمیوں سمیت) قانون کے نفاذ اور متعلقہ مقاصد کیلئے معمول کے افشاء میں ان کیلئے افشاء شامل ہے:

- آسٹریلین اور غیر ملکی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے کردار کے تقاضوں کی جانچ اور نفاذ کیلئے
- آسٹریلین اور غیر ملکی قانون نافذ کرنے والے اداروں، سراغرسانی کے اداروں یا کمیشنوں، نیشنل کامن پولیس سروسز، انٹرپول، نیشنل بارڈر ٹارگٹنگ سنٹر، CrimTrac, AusTRAC، ضوابط بنانے اور عملدرآمد کرانے والے کمیشنوں، پارلیمنٹ کے تحقیقاتی کمیشنوں، انٹرنیشنل ٹریبونلز اور غیر ملکی امیگریشن حکّام کو، امیگریشن فراڈ، ملکی سلامتی کے معاملات یا جنگی جرائم یا انسانیت کے خلاف جرائم میں ملوّث ہونے کے شبہے کا علم حاصل کرنے اور چھان بین کرنے کیلئے۔
- نفاذ قانون کے اداروں کے دیانتدارانہ چلن کےآسٹریلین کمیشن کو، *Law Enforcement Integrity Commissioner Act 2006* (نفاذ قانون کے اداروں کے دیانتدارانہ چلن کے کمیشنر کے ایکٹ *2006*) کے انتظام کیلئے
- ATO, DHS اور دوسرے کامن ویلتھ یا سٹیٹ اور ٹیریٹری کے اداروں کو، کام سے متعلق اپنے ویزے کی شرائط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کام کرنے والے افراد کا پتہ معلوم کرنے کیلئے
- AFP اور آسٹریلین پولیس فورسز کو، غیر قانونی غیر شہریوں کا پتہ معلوم کرنے کیلئے
- ڈائریکٹر آف پبلک پراسیکوشنز کو، جو مائیگریشن یا شہریت کے جرائم پر قانونی کارروائی کر رہے ہوں
- غیر ملکی حکومتوں کو، غیر قانونی غیر شہری کو نکالنے کیلئے
- FWO، رجسٹرڈ تعلیمی اداروں، آجروں، سپانسر کیے گئے افراد، سپانسرز اور کارکن فراہم کرنے والوں کو، ویزے کی شرائط اور سپانسرشپ کی ذمہ داریوں کی تعمیل کی نگرانی کرنے اور پابندیاں لگانے کے کیسوں کی اطلاع دینے کیلئے۔
- AFP سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کو، ریفیوجی اینڈ ہیومینیٹیرین پروگرام کے تحت ویزے کے درخواست گزاروں اور تجویز کنندگان کی ذاتی تفصیلات کے سلسلے میں، تاکہ قانون کے نفاذ یا قومی سیکورٹی کیلئے مسائل کا پتہ چلایا جائے۔

## قانون نافذ کرنے والے ادارے کی حیثیت سے ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے افشائے معلومات

مندرجہ ذیل ایکٹوں کے تحت ڈیپارٹمنٹ بعض مقاصد کیلئے ایک قانون نافذ کرنے والا ادارہ ہے:*Crimes Act 1914* ، *Criminal Code Act 1995*، *Australian Nuclear Science and Technology Organisation Act 1987*، اور *Independent National Security Legislation Monitor Act 2010* (جرائم کا ایکٹ *1914*، ضابطۂ فوجداری ایکٹ *1995*، آسٹریلین نیوکلیئر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آرگنائزیشن ایکٹ *1987* (*ANSTO* ایکٹ) اور قومی سیکورٹی کیلئے قانون سازی کے خودمختار نگران کا ایکٹ *2010*، اور ان ایکٹوں کے تحت ڈیپارٹمنٹ اپنے کام اور سرگرمیاں انجام دینے کیلئے ذاتی تفصیلات اکٹھی کر سکتا ہے۔

## پروگرام چلانے کے سلسلے میں معلومات افشاء کرنے کی دیگر صورتیں

### کفالت کی یقین دہانی

کفالت کی یقین دہانی فراہم کرنے والے لوگوں کے بارے میں معلومات سنٹرلنک کیلئے افشاء کی جائیں گی تاکہ ادا شدہ بانڈ ریلیز کرنے یا قرض چڑھ جانے کی صورت میں شناخت اور قرض کی وصولی کو سہل بنایا جائے۔

### روزگار، کارکنوں کی فراہمی اور کاروباری مہارتیں

ڈیپارٹمنٹ آپ کی مائیگریشن کی حیثیت، کام کے حقوق اور آپ کے ویزے کی قسم اور مدّت کے بارے میں معلومات آجروں، کارکن فراہم کرنے والوں اور کارکنوں کی فراہمی کےبندوبست کے تحت آپ کی خدمات استعمال کرنے والے تیسرے فریقوں کو فراہم کر سکتا ہے۔ مثال کے طورپر جب آپ کام کی درخواست دیں تو ڈیپارٹمنٹ آجر یا کارکن فراہم کرنے والے کو آپ کی کام کی اہلیت کے بارے میں آگاہ کر سکتا ہے۔

ڈیپارٹمنٹ سٹیٹ اور ٹیریٹری میں معاشی ترقی کے محکموں اور اداروں کو بھی معلومات دے سکتا ہے جو کاروباری مہارتیں رکھنے والے تارکین وطن کو حکومت کی جانب سے کاروباری معلومات کی خدمات حاصل کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2020

### تربیت اور تعلیم

ذاتی شناختی تفصیلات انہیں فراہم کی جا سکتی ہیں:

- DFAT، ڈیپارٹمنٹ آف انڈسٹری اور ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کو، آسٹریلیا میں تربیت یا تعلیم حاصل کرنے کی درخواست دینے والوں کی مدد کیلئے
- ڈیپارٹمنٹ آف ایمپلائمنٹ (ڈیپارٹمنٹ برائے روزگار) کو ، آسٹریلین لیبر مارکیٹ میں جائے کار کے کسی مجوّزہ پہلو کا اثر طے کرنے کیلئے
- ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اور تفویض شدہ اختیارات رکھنے والے حکّام کو جو ویزے کی کچھ کلاسوں کیلئے غیر ملکی قابلیت کی جانچ کرتے ہیں
- تعلیمی اداروں کو جو بالغ تارکین وطن کیلئے انگلش پروگرام کے تحت انگلش زبان کی تعلیم فراہم کرتے ہیں
- حکومتی اداروں کو، تعلیم فراہم کرنے والے اداروں پر ضوابط کے اطلاق کے مقاصد کیلئے

### صحت

آپ کی اور آپ کے اہل خانہ کی صحت کے بارے میں جو معلومات آپ کی ویزےکی درخواست کیلئے زیرغور رکھی گئ تھیں، وہ حکومت کے صحت کے اداروں اور صحت کی خدمات فراہم کرنے والوں کو دی جا سکتی ہیں تاکہ یہ طے کرنے میں مدد ملے کہ آیا ویزا دینے کیلئے صحت کے تقاضے پورے ہوتے ہیں، یہ غور کیا جائے کہ آیا صحت کے تقاضوں سے چھوٹ دی جانی چاہیئے یا عوامی صحت کو درپیش خطرات سے نبٹنے کیلئے مدد ملے۔

### پناہ گزینوں اور انسانی ہمدردی کے تحت آنے والوں کا داخلہ، اورآسٹریلیا کی سرزمین پر تحفظ

ڈیپارٹمنٹ پناہ گزینوں اور انسانی ہمدردی کے تحت ملک میں داخل ہونے والوں اور ان کے بارے میں تجویز دینے والوں (اگر اس کا اطلاق ہو تو) کی ذاتی تفصیلات کا تبادلہ ہیومینیٹیرین سیٹلمنٹ سروسز کے تحت کانٹریکٹ پر خدمات فراہم کرنے والوں کے ساتھ کر سکتا ہے۔

ڈیپارٹمنٹ پناہ طلب کرنے والوں اور تحفظ یا انسانی ہمدردی کے ویزوں کی درخواست دینے والوں کے بارے میں ذاتی تفصیلات اقوام متحدہ کے پناہ گزینوں کیلئے ہائی کمیشنر (UNHCR) کو شناخت کی تصدیق کرنے اور انسانی ہمدردی اور تحفظ کے دعووں کے مقصد سے دے سکتا ہے۔

ڈیپارٹمنٹ انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار مائیگریشن کو بھی خدمات کی فراہمی میں مدد دینے کیلئے ذاتی تفصیلات فراہم کر سکتا ہے۔

### حراست

ڈیپارٹمنٹ امیگریشن کی حراست میں موجود افراد کے بارے میں ذاتی تفصیلات انہیں دے سکتا ہے:

- سٹیٹ اور ٹیریٹری کے فلاحی اداروں کو ، حراست کے متبادل اقدامات، تنہا نابالغ افراد کی دیکھ بھال یا جسمانی اور ذہنی معذوریوں میں مبتلا زیر حراست افراد کی قانونی سرپرستی کے سلسلے میں
- سٹیٹ اور ٹیریٹری میں اصلاحی اداروں (مجرموں سے متعلق) کو، منتقلی اور امیگریشن کے حوالے سے حیثیت کی تصدیق سہل بنانے کیلئے
- آسٹریلیا کے ساحل سے دور کارروائی کی خدمات مہیا کرنے والے ادارے جو منتقلی میں معاونت کرتے ہیں
- سکولوں، صحت کے شعبے میں کام کرنے والوں اور فلاحی خدمات فراہم کرنے والوں کو، یا مائیگریشن کے بارے میں مشورہ دینے والوں کو جو آپ کو خدمات فراہم کر رہے ہوں یا آپکی اور آپ کے اہل خانہ کی روانگی میں مدد کی ممکنہ صورتوں پر غور کر رہے ہوں۔

### بچوں کی فلاح اور تحفظ

بچوں، اور/یا والدین/سرپرستوں/دیکھ بھال کرنے والوں کی ذاتی تفصیلات بچوں کی فلاح اور تحفظ کے اداروں کو، سٹیٹ/ ٹیریٹری میں بچوں کی فلاح کے اداروں کو، سٹیٹ/ ٹیریٹری میں پولیس یا دوسرے متعلقہ آسٹریلین حکومتی اداروں کو ان مقاصد کیلئے دی جا سکتی ہیں:

- امیگریشن کی حراست میں اور/یا کمیونٹی (عام معاشرے) میں دیکھ بھال اور فلاح کے انتظامات
- ممکنہ بدسلوکی یا غفلت کی چھان بین
- سفر کے انتظامات اور کاغذات کی تیاری سہل بنانا۔

آسٹریلیا میں گود لیے جانے کے سلسلے میں داخل ہونے والے بچوں کے بارے میں معلومات سٹیٹ اور ٹیریٹری کی فلاحی تنظیموں، Australia’s Central Adoption Authorities (آسٹریلیا میں بچوں کو گود لینے کے معاملات کے مرکزی حکام) اور Intercountry Adoption Australia (آسٹریلین حکومت کا ادارہ جو دوسرے ممالک سے بچے گود لینے کے معاملات کا نگران ہے) کو دی جا سکتی ہیں۔

### سفری دستاویزات حاصل کرنے کیلئے سفارتخانوں، ہائی کمیشن اور قونصلخانوں کو دی جانے والی معلومات

اگر آپ کو روانگی کی بنیاد پر ویزا ملا ہے یا اگر آپ کے پاس آسٹریلیا میں مزید رہنے کی کوئی قانونی بنیاد نہیں ہے تو آپ سے چلے جانے کی توقع کی جاتی ہے۔ اگر آپ کے پاس مؤثر سفری دستاویز نہیں ہے یا اگر آپ معقول مدّت کے اندر مؤثر سفری دستاویز حاصل نہیں کرتے تو اس صورت میں آپ کی جانب سے سفری دستاویز کی درخواست دینا ڈیپارٹمنٹ کا عام معمول ہے۔ اس طرح آپ کی روانگی کے انتظامات کرنا ممکن ہو جاتا ہے۔

ڈیپارٹمنٹ متعلقہ سفارتخانے، ہائی کمیشن یا قونصلخانے کو صرف وہ کم از کم معلومات دے گا جو سفری دستاویز کی فراہمی میں مدد کیلئے ضروری ہوں۔ ان میں آپ کا نام، آپ کے حالیہ پاسپورٹ کی تفصیلات یا دوسری شناختی دستاویزات اور رابطے کی تفصیلات شامل ہو سکتی ہیں۔

### شہریت

ڈیپارٹمنٹ ذاتی شناختی تفصیلات کے علاوہ دیگر ذاتی تفصیلات انہیں فراہم کر سکتا ہے:

- لوکل گورنمنٹ کاؤنسلز اور دوسری تنظیموں کو، شہریت کی تقریب انجام دینے اور تقریب کی میزبانی کرنے کے مقصد سے
- گورنر جنرل کے آفیشل سیکرٹری کے آفس اور ڈیپارٹمنٹ آف پرائم منسٹر اینڈ کیبینٹ کو، آسٹریلین اعزازات کی درخواستوں پر غور کرنے کیلئے
- ممبران پارلیمنٹ اور لوکل گورنمنٹ کاؤنسلرز کو، آسٹریلین معاشرے میں نئے شہریوں کا خیر مقدم کرنے کے مقاصد سے۔

### مائیگریشن کے بارے میں تحقیق

حالیہ اور سابقہ کلائنٹس کے سروے کرنے کیلئے ذاتی تفصیلات استعمال کی جا سکتی ہیں۔ دوسرے اداروں یا کانٹریکٹ کے تحت کام کرنے والے تیسرے فریقوں کو تحقیق، تفتیش یا پالیسیوں اور/پروگراموں کی تشکیل کے مقاصد سے ذاتی تفصیلات مہیا کی جا سکتی ہیں۔ کانٹریکٹ کے تحت معلومات کا استعمال صرف بیان کردہ تحقیقی مقاصد تک محدود ہوتا ہے اور مقصد مکمل ہو جانے پر معلومات کو تلف کرنا ضروری ہوتا ہے۔ تحقیق کیلئے حاصل اور استعمال کیے گیے ڈاٹا کو مشتہر کرنے سے پہلے اس میں سے شناختی تفصیلات نکال دی جاتی ہیں۔

آسٹریلین ادارۂ شماریات کو نئے آنے والوں کے بارے میں آبادیاتی تحقیق اور مختلف مائیگریشن پروگراموں اور آبادکاری کے نتائج کا تجزیہ کرنے میں سہولت دینے کیلئے ذاتی تفصیلات مہیا کی جا سکتی ہیں۔

نئے آنے والوں کے بارے میں معلومات سٹیٹ اور ٹیریٹری کے اداروں یا تارکین وطن کیلئے خدمات کی تنظیموں کو دی جا سکتی ہیں تاکہ انہیں آبادکاری کی منصوبہ بندی یا آبادکاری کی خدمات فراہم کرنے میں مدد ملے۔

## اہم عالمی مواقع

ذاتی تفصیلات سٹیٹ اور ٹیریٹری کے اداروں سمیت آسٹریلین حکومت کے ان اداروں کو دی جا سکتی ہیں جو اہم عالمی مواقع پر ربط پیدا کرنے کا کردار ادا کرتے ہیں جیسا کہ: اہم کھیلوں کے میچ اور گیمز؛ سربراہان حکومت کی بین الاقوامی ملاقاتیں؛ سماجی، تہذیبی یا مذہبی عالمی اجتماعات یا میلے۔

ڈیپارٹمنٹ آسٹریلین اور بین الاقوامی تنظیموں اور دوسرے ممالک کے ساتھ بھی آپ کیلئے انتظامات میں معاونت کی غرض سے غیر حسّاس معلومات استعمال اور افشاء کر سکتا ہے۔


© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2020

## ڈیپارٹمنٹ کی پرائیویسی (اخفائے ذاتیات) پالیسی کے بارے میں معلومات

ڈیپارٹمنٹ کی پرائیویسی پالیسی ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائیٹ **https://www.homeaffairs.gov.au/access-and-accountability/our-commitments/privacy** پر دستیاب ہے ۔

پالیسی میں اس بارے میں معلومات موجود ہیں:

- آپ ڈیپارٹمنٹ کی تحویل میں موجود اپنی ذاتی تفصیلات تک کیسے رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور انہیں درست کرنے کی درخواست کیسے کر سکتے ہیں
- آپ پرائیویسی کی خلاف ورزی اور ڈیپارٹمنٹ میں شکایات سے نبٹنے کے طریق کار کے بارے میں کیسے شکایت کر سکتے ہیں۔

## غیر ملکی وصول کنندگان کو آپ کی تفصیلات کی فراہمی

ڈیپارٹمنٹ ڈاٹا منتقل اور محفوظ کرنے کیلئے بیرونی آئی ٹی کانٹریکٹرز کو استعمال کرتا ہے جن میں غیر ممالک میں موجود ادارے بھی شامل ہیں۔

کچھ صورتوں میں ہم غیر ملکی وصول کنندگان کو ذاتی تفصیلات فراہم کرتے ہیں۔ یہ وصول کنندہ اکثر آپ کی معمول کی رہائش کے ملک میں ہو گا یا آپ جس ملک کو چھوڑ کر آئے ہیں، وہاں ہو گا (سوائے اس کے کہ آپ نے ان ممالک سے بچنے کیلئے تحفظ کے دعوے کیے ہوں اور آپ ان دعووں پر غور مکمل ہونے کا انتظار کر رہے ہوں)۔ اس میں ایر لائنز یا ٹریول ایجنٹس کو مسافروں کی پیشگی کارروائی کرنے اور الیکٹرانک ویزا پراسیسنگ کے سلسلے میں معلومات فراہم کرنا شامل ہے۔

ڈیپارٹمنٹ ان ممالک یا بین الاقوامی تنظیموں کے ساتھ بھی معلومات کا تبادلہ کرتا ہے جوآسٹریلیا کےساتھ تبادلۂ معلومات کے معاہدوں میں شریک ہیں اور ان میں مندرجہ ذیل شامل ہیں، لیکن یہ فہرست محض انہی ممالک تک محدود نہیں، ریاستہائے متحدہ امریکہ، سلطنت متحدہ برطانیہ، کینیڈا اور نیوزی لینڈ۔ اس تبادلۂ معلومات میں بائیو میٹرکس (ذاتی شناختی تفصیلات) کا تبادلہ شامل ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کی شناختی تفصیلات میچ ہو گئیں (موازنہ پایا گیا) تو ڈیپارٹمنٹ آپ کے حالات زندگی کے کوائف، سفری اور دوسری شناختی دستاویزات کی نقول یا ایسی دستاویزات سے ملنے والی معلومات، آپ کی امیگریشن کی حیثیت اور امیگریشن کے حوالے سے ماضی (جس میں امیگریشن فراڈ اور جرائم شامل ہو سکتے ہیں) اور کوئی بھی متعلقہ سابقہ جرائم کے بارے میں معلومات افشاء کر سکتا ہے۔

ایسے معلومات افشاء کرنے کا مقصد آپ کی شناخت کی تصدیق کرنا اور یہ طے کرنا ہے کہ آیا آپ نے دوسرے اداروں کے سامنے یہی شناخت اور یہی دعوے پیش کیے ہیں۔

اگر آپ آف شور (آسٹریلیا سے باہر ) انسانی ہمدردی یا پروٹیکشن ویزا کی درخواست دے رہے ہیں جس کی بنیاد ایک مخصوص ملک کی حکومت کے خلاف دعووں پر ہے تو ڈیپارٹمنٹ آپ کی ذاتی تفصیلات اس حکومت کو نہیں دے گا، سوائے اس کے کہ آپ آسٹریلیا میں ہوں اور آپ:

- نے اس ملک کو واپسی کی درخواست کی ہو یا واپس جانے کیلئے اتفاق کیا ہو، یا
- ایسے شخص نہ پائے گئے ہوں جسے تحفظ دینا آسٹریلیا کا فرض ہے۔

| | |
|---|---|
| ہوم پیج | **www.homeaffairs.gov.au** |
| خط عام سوالات کیلئے فون لائن | آسٹریلیا میں دفتری اوقات کے دوران **131 881** پر فون کر کے آپریٹر سے بات کریں (ان اوقات کے علاوہ فون کریں تو پہلے سے ریکارڈ کی گئ معلومات سن سکتے ہیں)۔ اگر آپ آسٹریلیا سے باہر ہیں تو براہ مہربانی اپنے نزدیک ترین آسٹریلین مشن سے رابطہ کریں۔ |

© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2020